حیسکو پریس ریلیز مورخہ 14.10.2026

روشنیوں کے سفر کو جاری رکھتے ہوئے اپنے بہترین صارفین کو 24 گھنٹے بجلی کی فراہمی کے لیے حیسکو کے 78 ویں فیڈر، 11 کے وی نیو کینٹ کو زیرولوڈشیڈنگ کر دیا گیا ہے۔ یہ صارفین کے لیے ایک انمول تحفہ ہے، جس کی قدر کرتے ہوئے بجلی کے درست استعمال اور بلوں کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنائیں۔ ایکسین آپریشن گاڑی کھاتہ اسداللہ پیرزادہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے انہیں ہدف دیا کہ آئندہ دو ماہ میں اس فیڈر کے صارفین کی تعداد دگنی کی جائے اور گل سینٹر کو بھی زیرولوڈشیڈنگ کے دائرہ کار میں شامل کیا جائے۔ صارفین اپنے گھروں اور کاروبار کو روشن رکھنے کے لیے حیسکو کے ساتھ ایک اخلاقی معاہدہ کریں، جس کے تین بنیادی نکات ہیں: (1) . بجلی چوری نہیں ہونے دیں گے۔ (2) . خود بھی بجلی چوری نہیں کریں گے۔ (3) . لائن لاسز 20 فیصد سے کم، ریکوری 100 فیصد اور ڈسٹری بیوشن سسٹم کو بہتر رکھنے میں تعاون کریں گے، تاکہ اے ٹی اینڈ سی (AT&C) نقصانات کو کنٹرول کیا جاسکے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے کہا کہ حیسکو انتظامیہ اور صارفین باہمی تعاون اور ان اصولوں پر عمل درآمد کے ذریعے زیرولوڈشیڈنگ کی سہولت کو برقرار رکھ سکتے ہیں۔ حیسکو کے تمام افسران اور محنتی ورکرز کو اس کامیابی پر خراجِ تحسین پیش کیا۔ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کا خطاب

حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹو فیض اللہ ڈاہری نے 11 کے وی نیو کینٹ فیڈر کو زیرولوڈشیڈنگ کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ روشنیوں کے سفر کو جاری رکھتے ہوئے اپنے بہترین صارفین کو 24 گھنٹے بجلی کی فراہمی کے لیے حیسکو کے 78 ویں فیڈر، 11 کے وی نیو کینٹ کو زیرولوڈشیڈنگ کر دیا گیا ہے۔ یہ صارفین کے لیے ایک انمول تحفہ ہے، جس کی قدر کرتے ہوئے بجلی کے درست استعمال اور بلوں کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنائیں۔ ایکسین آپریشن گاڑی کھاتہ اسداللہ پیرزادہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے انہیں ہدف دیا کہ آئندہ دو ماہ میں اس فیڈر کے صارفین کی تعداد دگنی کی جائے اور گل سینٹر کو بھی زیرولوڈشیڈنگ کے دائرہ کار میں شامل کیا جائے۔ صارفین اپنے گھروں اور کاروبار کو روشن رکھنے کے لیے حیسکو کے ساتھ ایک اخلاقی معاہدہ کریں، جس کے تین بنیادی نکات ہیں: (1) . بجلی چوری نہیں ہونے دیں گے۔ (2) . خود بھی بجلی چوری نہیں کریں گے۔ (3) . لائن لاسز 20 فیصد سے کم، ریکوری 100 فیصد اور ڈسٹری بیوشن سسٹم کو بہتر رکھنے میں تعاون کریں گے، تاکہ اے ٹی اینڈ سی (AT&C) نقصانات کو کنٹرول کیا جاسکے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے کہا کہ حیسکو انتظامیہ اور صارفین باہمی تعاون اور ان اصولوں پر عمل درآمد کے ذریعے زیرولوڈشیڈنگ کی سہولت کو برقرار رکھ سکتے ہیں۔ حیسکو کے تمام افسران اور محنتی ورکرز کو اس کامیابی پر خراجِ تحسین پیش کیا، رواں مالی سال میں مزید 68 عدد 11 کے وی فیڈرز زیرولوڈشیڈنگ کریں گے، تین سالوں میں 70 فیصد 11 کے وی فیڈرز زیرولوڈشیڈنگ کریں گے، ہم یہ چاہتے ہیں کہ اس وطن عزیز کی قوم کو بنیادی ضروریات کی سہولتیں بہتر میسر ہوں، تاکہ ترقی کا سفر رواں دواں رہے، صارفین کا اعتماد بحال کرتے ہوئے ان کے مکمل تعاون سے یہ ممکن ہو رہا ہے میں اپنی حیسکو کی ٹیم میں شامل ایس ای سرکل حیدرآباد عقیل نور میمن، ایکسین آپریشن ڈویژن گاڑی کھاتہ اسداللہ پیرزادہ، ایس ڈی او آپریشن سب ڈویژن گاڑی کھاتہ سہیل احمد کنبھر کو مبارکباد دیتا ہوں، یہ پوری ٹیم ورک کا نتیجہ ہے یہ میری خواہش ہے کہ میں لوگوں کی خدمت کروں اور انکے مسائل ترجیح بنیادوں پر حل کروں، اس موقع پر عشرت لوہار وکیل سپریم کورٹ نے کہا کہ سب سے پہلے میں 11 کے وی کینٹ فیڈر کی ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اس فیڈر کو زیرولوڈشیڈنگ کر دکھایا۔ ہمیں اس کامیابی پر یقین نہیں آرہا، لیکن یہ حقیقت ہے۔ جہاں بجلی چوری کو اپنا حق سمجھا جاتا تھا، وہاں اب صارفین کو چاہیے کہ اپنے بجلی کے بل باقاعدگی سے ادا کریں۔ زیرولوڈشیڈنگ سے وکلا برادری کو رات کے وقت اپنے دفاتر میں کام کرنے میں سہولت ملے گی۔ امید ہے کہ حیسکو چیف کی کاوشوں سے حیدرآباد ایک بار پھر روشنیوں کا شہر بنے گا اس موقع پر جنید خانزادہ، صدر پریس کلب حیدرآباد نے تقریب سے خطات کرتے ہوئے کہا کہ تقریباً 15 سے 20 روز قبل حیسکو کے 69 ویں فیڈر کو زیرولوڈشیڈنگ کرنے کی تقریب میں، میں نے حیسکو چیف سے دو سوال کیے تھے جن کے جوابات انہوں نے دیے۔ آج میرا سوال ہے کہ کہیں حیسکو چیف کو کرکٹ کا شوق تو نہیں، کیونکہ وہ زیرولوڈشیڈنگ کے منصوبے میں تیز ترین سنچری مکمل کرنے کی جانب بڑھ رہے ہیں۔ میں ترجمان حیسکو صادق کبر صاحب سے بھی جاننا چاہوں گا کہ کیا ماضی میں کسی چیف نے اتنے کم عرصے میں ایسے تاریخی اقدامات کیے ہیں؟ آصف رضا، کمانڈر پاکستان نیوی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مجھے یہاں تعینات ہوئے تقریباً دو سال ہو چکے ہیں اور میری رہائش بھی ڈیفنس میں ہے۔ یہاں کے لوگ بہت اچھے ہیں، تاہم بجلی کی لوڈشیڈنگ کے باعث دن اور رات کا سکون متاثر ہوتا تھا۔ نظام کو برقرار رکھنا آسان، لیکن تبدیلی لانا مشکل کام ہے۔ حقیقی لیڈر وہ ہوتا ہے جو حالات بدلنے کی صلاحیت رکھتا ہو۔ حیسکو نے 78 فیڈرز کو اتنی کم مدت میں زیرولوڈشیڈنگ کر کے ایک قابلِ تقلید مثال قائم کی ہے۔ یہ ایک بڑی کامیابی ہے اور امید ہے کہ اس اقدام سے دیگر علاقوں کے صارفین کو بھی ریلیف ملے گا۔ حمیدہ ناریجو، پرنسپل ماڈل اسکول نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں اس تاریخی تقریب میں مدعو کرنے پر حیسکو انتظامیہ کی شکر گزار ہوں۔ ہماری خواہش تھی کہ طلبہ کو ایسا تعلیمی ماحول فراہم کیا جائے جہاں بجلی کی لوڈشیڈنگ کے باعث ان کی تعلیم متاثر نہ ہو اور تدریسی عمل بلاتعطل جاری رہے۔ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی کاوشوں سے اب یہ خواب پورا ہونے جا رہا ہے۔ لوڈشیڈنگ کے باعث طلبہ کی تعلیم متاثر ہوتی تھی اور متعدد لیکچر زادھورے رہ جاتے تھے، تاہم زیرو لوڈشیڈنگ سے اب تدریس اور حصولِ علم میں رکاوٹیں کم ہوں گی۔ آج کے طلبہ ہی مستقبل کے معمار ہیں۔ میں ایک بار پھر حیسکو چیف اور ان کی پوری ٹیم کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔ کامران آفریدی سربراہ نیشنل انکوبیشن سینٹر (NIC) حیدرآباد میں آپریشنز وانسانی وسائل نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں سوچتا تھا کہ گزشتہ 50 سے 60 برسوں کے دوران مہاتیر محمد جیسے رہنماؤں نے دنیا میں تبدیلی کی مثالیں قائم کیں، لیکن آج حیدرآباد میں دیکھ رہا ہوں کہ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری بھی حیسکو میں انقلاب برپا کرنے کی جانب گامزن ہیں۔ ان کی کاوشوں سے بجلی کے شعبے میں تیزی سے تبدیلی آرہی ہے، جو قابلِ ذکر ہے۔ اس وقع پر چیف آپریٹنگ آفیسر حیسکو اعجاز احمد شیخ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 11 کے وی کینٹ فیڈر حیسکو کا 78 واں فیڈر ہے جسے زیرولوڈشیڈنگ کیا جارہا ہے، اور اس کامیابی کا سہرا چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری اور ان کی ٹیم کو جاتا ہے۔ امید ہے کہ وہ جلد ہی صرف 100 یا 200 فیڈرز نہیں بلکہ پورے حیدرآباد کو لوڈشیڈنگ سے آزاد کرنے کا ہدف حاصل کریں گے۔ یہ اپنی نوعیت کی منفرد تقریب ہے، جس میں وکلا، صحافیوں، تعلیمی اداروں، تاجروں اور رہائشی صارفین کی نمائندگی موجود ہے۔ میں تمام صارفین کو مبارکباد پیش کرتا ہوں جو اس سہولت سے مستفید ہوں گے۔ بالخصوص وکلا برادری اور صحافی برادری سے امید ہے کہ وہ حیسکو انتظامیہ کے ساتھ اپنے روابط مزید مضبوط بنائے گی اور بجلی سے متعلق مسائل کے حل میں تعاون کرے گی۔ اس موقع پر ایس ای آپریشن سرکل حیدرآباد عقیل نور میمن نے کہا کہ میرے لیے سب سے زیادہ اہم میری لیبر ہے، جس کی محنت سے حیدرآباد گاڑی کھاتہ کے کینٹ فیڈر کو زیرولوڈشیڈنگ کیا جارہا ہے۔ کسی نے سوچا بھی نہیں تھا کہ حیسکو اتنی جلدی کامیابی کی نئی بلندیوں کو چھوئے گا۔ یہ حیسکو کا 78 واں فیڈر ہے جسے زیرولوڈشیڈنگ کیا جارہا ہے۔ میرا بچپن بھی اسی علاقے میں گزرا ہے۔ اس اقدام سے ماڈل اسکول، وکلا برادری، صحافیوں، تاجروں اور رہائشی صارفین کو فائدہ ہوگا۔ یہ محض ایک تقریب نہیں بلکہ ایک بڑے مقصد کی جانب اہم قدم ہے۔ اس فیڈر کو زیرولوڈشیڈنگ کرنے کے لیے حیسکو نے میٹرز، ایل ٹی لائنوں کی تبدیلی اور ایچ ٹی لائنوں کی مرمت سمیت بھاری اخراجات برداشت کیے ہیں۔ وہ دن دور نہیں جب پورا حیدرآباد لوڈشیڈنگ فری ہوگا۔ اس فیڈر پر 670 کنیکشنز ہیں، ایچ ٹی کی لمبائی 12.5 کلومیٹر جو نظام کی بہتری اور ریکوری میں معاون ثابت ہو رہے ہیں مزید کہنا تھا کہ اگر کسی بھی مرحلے پر صورتحال میں بگاڑ آیا تو پالیسی کے مطابق دوبارہ لوڈشیڈنگ نافذ کی جاسکتی ہے شہریوں اور تاجروں نے اس اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ بجلی کی بلاتعطل فراہمی سے نہ صرف روزمرہ زندگی میں آسانی پیدا ہوگی بلکہ کاروباری سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا۔ آج سے 24 گھنٹے بلاتعطل بجلی کی فراہمی میسر رہے گی عوام سے اپیل ہے کہ بجلی کے بل بروقت جمع کرائیں گے تو 24 گھنٹے بجلی میسر رہے گی اور اپنے تکنیکی عملے کو شاباشی دی، عوام کو مبارکباد بھی دی تقریبات کا آغاز تلاوت قران پاک سے ہوا، اسٹیج کے فرائض غلام سرور انڑ انچارج پی ڈی سی اور سراج بیگ نے سرانجام دیئے اس تقریب میں مہمانان خصوصی حافظ منیر احمد، کمانڈر نیوی آصف رضا، قاری احمد علی سعیدی سنجرانی، جنید خانزادہ صدر پریس کلب حیدرآباد، میڈم حمیدہ ناریجو پرنسپل ماڈل اسکول اولڈ کیمپس، عابد قادری سنی تحریک، عشرت لوہار وکیل، کامران آفریدی، سماجی رہنماؤں میں نوید شیخ، جنید ڈاہری، شفیق ڈاہری، جبران، جبکہ حیسکو کی جانب سے چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کے ہمراہ چیف آپریٹنگ آفیسر اعجاز احمد شیخ، چیف انجینئر (پلاننگ) رمیش کمار، چیف انجینئر (ٹی اینڈ جی) امیر احمد میمن، ڈپٹی ڈائریکٹر (ٹیکس اینڈ بینکنگ) افتخار پنھور، انچارج پی ڈی سی غلام سرور انڑ، ایس ای سرکل حیدرآباد عقیل نور میمن، ایکسین آپریشن ڈویژن گاڑی کھاتہ اسداللہ پیرزادہ، ایڈیشنل منیجر (پی اینڈ ای) ڈونگرومل، ڈپٹی ڈائریکٹر (ٹیکنیکل) سرکل حیدرآباد منیر شیخ، ڈپٹی کمرشل منیجر سرکل حیدرآباد عامر نوید میمن، ایس ڈی او آپریشن سب ڈویژن گاڑی کھاتہ سہیل احمد کنبھر، ایکسین آپریشن ڈویژن لطیف آباد-II ارشد شیخ، ایکسین آپریشن لطیف آباد-I زوہیب شیروانی، ایکسین کنسٹرکشن ڈویژن حیدرآباد-I امتیاز علی میمن، ایس ڈی او لیاقت کالونی صابر لغاری، ایس ڈی او صدر وقاص ترین، کوآرڈینیٹر ایس ڈی او ولید اد چانڈیو، ترجمان حیسکو محمد صادق گبر دیگر سیاسی سماجی شخصیات، علاقہ معززین شریک۔



حیسکو چیف ایگزیکٹو فیض اللہ ڈاہری، چیف آپریٹنگ آفیسر اعجاز احمد شیخ، عشرت لوہار، آصف رضا کمانڈر پاکستان نیوی، جنید خانزادہ صدر پریس کلب، حمیدہ ناریجو پرنسپل ماڈل اسکول اولڈ کیمپس، کامران آفریدی و دیگر 11 کے وی نیو کینٹ فیڈر کو زیرولوڈشیڈنگ کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے